اطلاع نامہ (نیوز ریلیز)

# پڑھنے کی، لکھائی کی اور ریاضی کی مہارتوں کے لیے زیادہ رقم

27 مارچ، 2025 میڈیا کے استفسارات

## البرٹا کی حکومت طلباء کو پڑھنے کی، لکھائی کی اور ریاضی کی مہارتوں میں مدد کرنے کے لیے اسکول بورڈز کو 7.5 ملین ڈالر فراہم کر رہی ہے۔

کلاس روم کے اندر اور اس کے باہر زندگی بھر کی کامیابی کے حصول کے لیے پڑھنے کی، لکھائی کی اور ریاضی کی مہارتیں اہم ہیں۔ اس سال اسکولوں نے کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 3 تک کے طلباء کی زیادہ کثرت سے اسکریننگ شروع کردی تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ کوئی بھی طالب علم پڑھنے میں، لکھائی میں اور ریاضی میں پیچھے نہ رہے۔ ایسے نوعمر طلباء کی مدد کرنے کے لیے جنہیں اضافی مدد کی ضرورت ہے، البرٹا کی حکومت 7.5 ملین ڈالر کی یک وقتی گرانٹ فراہم کر رہی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ اسکولوں کے پاس طلباء کو ان اہم مہارتوں کو فروغ دینے میں مدد فراہم کرنے کے لیے درکار وسائل اور عملہ موجود ہوں۔

"پڑھنے کی، لکھائی کی اور ریاضی جیسی بنیادی مہارتیں طالب علم کی کامیابی کی کلید ہیں۔ یہ فنڈنگ اسکولوں کو، ان طلباء کی، جنہیں سب سے زیادہ مدد کی ضرورت ہے، شناخت کرنے میں مدد کرے گی، تاکہ اسکول انہیں درکاراضافی مدد فراہم کر پائیں۔"

ڈیمیٹریوس نیکولیڈس، وزیر تعلیم *(Demetrios Nicolaides, Minister of Education)*

اضافی 7.5 ملین ڈالرگرانٹ کی فنڈنگ 10 ملین ڈالرپرمزید اضافہ ہے، جو کہ اس تعلیمی سال کے لیے پڑھنے کی، لکھائی کی اور ریاضی کی مدد کے لیے فراہم کیے جا رہے ہیں۔ بجٹ 2025، اگر منظور ہو جاتا ہے، تو اگلے تین سالوں کے دورانیے میں پڑھنے کی، لکھائی کی اور ریاضی کی مدد کے لیے اسکول بورڈز میں 40 ملین ڈالرسے زیادہ کی سرمایہ کاری بھی کرتا ہے۔

## فوری حقائق

- 2021 سے، البرٹا کی حکومت نے ان طلباء کی مدد کے لیے 85 ملین ڈالر لرننگ ڈسرپشن فنڈنگ (Learning Disruption Funding) کے طور پرفراہم کی ہے جنہیں خواندگی اور شماریات میں اضافی مدد کی ضرورت ہے۔

- 2024 میں، لرننگ ڈسرپشن فنڈنگ (Learning Disruption Funding) کا نام بدل کر لٹریسی اینڈ نیومریسی سپورٹ فنڈنگ (Literacy and Numeracy Support Funding) رکھ دیا گیا، تاکہ البرٹا کے سب سے کم عمرکے سیکھنے والوں میں فیصلہ کن ابتدائی خواندگی اور عددی مہارتوں کی تیاری میں مدد مل سکے۔
- فنڈنگ ان اسکولوں کے حکام میں تقسیم کی جائے گی جنہوں نے پہلے 2024/25 تعلیمی سال میں فنڈز حاصل کیے تھے۔
- کنڈرگارٹن سے گریڈ 3 تک کے بچوں اور طالب علموں کو، جنہیں اضافی مدد کی ضرورت ہو، مداخلتیں فراہم کرنے کے لیے، 2025/26 کے تعلیمی سال میں، 7.5 ملین ڈالر کا استعمال جاری رہ سکتا ہے۔

**خواندگی اور عددی اسکریننگز کے بارے میں :**

- کنڈرگارٹن کے تمام طلباء کی اسکریننگ جنوری میں کی جاتی ہے۔
- گریڈ 1 سے 3 تک کے تمام طلباء کی سال میں دو بار، ستمبر اور جنوری میں اسکریننگ کی جاتی ہے۔
- جنوری میں گریڈ 1 سے 3 تک کے جن طلباء کی شناخت اضافی مدد کے طلب گار کے طور پر کی گئی ہے، ان کی ترقی کی نگرانی کے لیے تعلیمی سال کے اختتام پر تیسری بار اسکریننگ کی جائے گی۔
- ستمبر 2026 میں گریڈ 4 اور 5 کے طلباء کے لیے اسکریننگ کے نئے تقاضے متعارف کرائے جائیں گے۔

## متعلقہ معلومات

- ابتدائی سالوں کی تشخیص

## متعلقہ خبریں

- نوعمرسیکھنے والوں کے لیے بروقت، مؤثر مدد (4 دسمبر، 2024)
- البرٹا کے سب سے کم عمر طلباء کی مدد کرنا (11 جولائی، 2024)